سوال

(749)اَعُوذُ کواُعِیذُکَ میں بدل کر پڑھ سکتے ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی دوسرے آدمی کو دم کرنے کی صورت میں سورۂ فلق اورناس کے اَعُوذُ کواُعِیذُکَ میں بدل کر پڑھ سکتے ہیں؟ (عبدالغفور، شاہدرہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نہیں۔

[عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب آپ صلی اللہ علیہ وسلمکو کوئی تکلیف ہوتی تو معوذتین {قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ} اور {قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ} پڑھ کراپنے جسم پر پھونک لیتے، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تکلیف زیادہ ہوگئی تو میں یہ سورتیں پڑھ کر آپ کے ہاتھوں کو برکت کی اُمید سے آپ کے جسم پر پھیرتی۔''] 1

1.بخاری/فضائل القرآن/باب المعوذات۔ مسلم/کتاب السلام/باب رقیة المریض بالمعوذات۔

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 02 ص 743

محدث فتویٰ